New York State Seal of Biliteracy
(نیو یارک اسٹیٹ سیل آف بائی لٹریسی)

کیا آپ ایک سے زیادہ زبانیں بول سکتے ہیں؟ یا کیا آپ کوئی دوسری زبان سیکھ رہے ہیں؟ اپنے اسکول سے نیو یارک اسٹیٹ سیل آف بائی لٹریسی کے بارے میں بات کریں!

نیو یارک اسٹیٹ سیل آف بائی لٹریسی (NYSSB) کیا ہے؟

نیو یارک اسٹیٹ سیل آف بائی لٹریسی (NYSSB) ہائی اسکول کے ایسے گریجویٹس کو تسلیم کرتا ہے جو انگریزی اور کم از کم کسی ایک اور زبان میں سن، بول، پڑھ اور لکھ سکتے ہوں۔ NYSSB کسی بھی گریجویٹ کرنے والے سینئر کے لیے دستیاب ہے جو ڈپلومہ حاصل کرنے کی تمام شرائط کو پورا کر چکا ہو اور انگریزی کے ساتھ کسی دوسری زبان میں بھی اپنی مہارت ثابت کر سکے۔ وصول کنندگان کے ڈپلومہ پر ایک مہر لگائی جائے گی اور گریجویشن کے موقع پر پہننے کے لیے ایک تمغہ بھی دیا جائے گا۔

NYSSB کے کیا فوائد ہیں؟

- ہائی اسکول کی ٹرانسکرپٹ اور ڈپلومہ کو مضبوط بنانا
- کالج میں داخلے کی درخواستوں کو تقویت دینا
- مادری زبان کی مہارتوں کو برقرار رکھنا اور اسے فروغ دینا
- عالمی معاشرے میں کریئرز کے لیے تیار کرنا
- ثقافتی شناخت اور دو لسانی مہارتوں کا اعتراف کرنا
- منتخب کالجز میں پیشگی حاصل شدہ تعلیم کے لیے کریڈٹس تک رسائی حاصل کرنا

کون اہل ہے؟

کوئی بھی طالب علم جو ایسے اسکول میں زیرِ تعلیم ہے جو نیو یارک اسٹیٹ سیل آف بائی لٹریسی کی خدمات پیش کرتا ہے، وہ اسے حاصل کر سکتا ہے بشرطیکہ وہ انگریزی یا کوئی دوسری زبان جانتا ہو یا سیکھ رہا ہو۔ اس میں وہ طلباء شامل ہیں جو کہ گھر پر کوئی دوسری زبان بولتے ہیں یا اسکول میں عالمی زبان کا مطالعہ کرتے ہیں۔ اسکولوں کو شرکت کے لیے ہر سال جنوری سے پہلے سائن ان کرنا ہو گا۔

NYC Public Schools | Multilingual Learners

NYCMultilingual/

Urdu

میں NYSSB کیسے حاصل کر سکتا/سکتی ہوں؟

- **نیویارک اسٹیٹ ریجنٹس ڈپلومہ** کے تمام تقاضے پورے کریں
اور
- **انگریزی زبان** میں کم از کم **تین پوائنٹس** حاصل کریں اور
- **کسی دوسری عالمی زبان میں** کم از کم **تین پوائنٹس** حاصل کریں۔

مزید معلومات کے لیے bit.ly/NYCPS-Biliteracy ملاحظہ کریں۔

ان پوائنٹس کو حاصل کرنے کے مختلف طریقے ہیں، جیسے کہ لینگویج کورسز میں اعلیٰ گریڈز حاصل کرنا، امتحانات میں شاندار نتائج دکھانا یا کیپ اسٹون بائی لٹریسی پروجیکٹ مکمل کرنا۔

میں یہ کیسے جان سکتا/سکتی ہوں کہ میرا اسکول سیل آف بائی لٹریسی پیش کرتا ہے یا نہیں؟

آپ **schools.nyc.gov/NYSSB** وزٹ کر کے یہ جان سکتے ہیں کہ آپ کا اسکول یہ پروگرام پیش کرتا ہے یا نہیں۔

اگر میرا اسکول NYSSB پیش نہیں کرتا تو کیا ہو گا؟

آغاز کرنے کا طریقہ جاننے کے لیے اپنے عالمی زبان کے استاد، والدین کے رابطہ کو آرڈینیٹر یا پرنسپل سے بات کریں یا **NYSSB@schools.nyc.gov** پر ای میل کریں۔

کیا NYSSB کالج کے کریڈٹس بھی دیتا ہے؟

جی ہاں، کچھ کالجز NYSSB کے لیے کریڈٹس یا ایڈوانسڈ پلیسمنٹ پیش کرتے ہیں۔

CUNY کے ان کیمپسز کے بارے میں جانیے جو پیشگی حاصل شدہ تعلیم کے لیے کریڈٹس پیش کرتے ہیں: **bit.ly/CUNYNYSSB**

مزید معلومات کے لیے اپنے مطلوبہ کالج یا یونیورسٹی سے رابطہ کریں۔

سوالات ہیں؟ اپنے اسکول سے رابطہ کریں یا **NYSSB@schools.nyc.gov** پر ای میل کریں۔

NYC Public Schools | Multilingual Learners

NYCMultilingual/